نمبر ۲۸ جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۴۷ھ مطابق ۹ جولائی ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	بابت تصحیح نمبر اندازی سائیکلان	۱
۲	اخراج اسم محمد یعقوب صاحب جیلہ نمبر	۱و۲
۳	اضافہ منشی کرم حسین	۲
۴	بابت ناپسندیدگی ارسال تار بتوسط	۳
۵	تنبیہ و ہدایت پولیس و برخاستگی ہیڈ کانسٹبل	۳
۶	رخصت نائب تحصیلدار سوار	
۷	برخاستگی مدرس بیاندی و دروازہ	
۸	تقرر اشرف علیخان بعہدہ سب انسپکٹر	
۹	اخراج اسم وغیرہ سے کسی کیان پائیگاہ	
۱۰	رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی	
۱۱	اضافہ منشی منگل سروپ محرر	
۱۲	نقشہ بارشی دفتر خانہ رسانی	

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۰ جون ۱۹۲۸ء

کاغذات نسبت شکایت نمبر سائیکلس ملاحظہ ہوئے۔ اس باب میں صرف سپرنٹنڈنٹ پولیس کی رپورٹ مناسب ہے۔ چند سائیکلوں کے مالکان کو پایا ہے کہ وہ سائیکل کے پیچھے کے گارڈ کے حصہ پر نمبر لگاتے ہیں اور دیکھنے میں دشواری ہو۔ حکم ہذا کی تاریخ اشاعت سے پندرہ روز کے اندر حسب ضابطہ نمبر اندازی صحیح ہو جائے۔ ورنہ بعد گزر جانے مدت مذکور کے اگر کسی سائیکل پر خلاف جگہ نمبر پائے گئے تو حسب قاعدہ پولیس سے زیر دفعہ ۱۰۸ کارروائی ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ میونسپلٹی سے بھی ذریعہ آواز ڈھول منادی کرادی جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر نمبرات

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۲۵ جون ۱۹۲۸ء

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی تین عرضداشتیں مع متعلقہ رسالہ نمبر ملاحظہ ہوئیں۔ جنکی نسبت حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) محمد یعقوب رسالہ نمبر شاہ ہرہ دار دفعہ ۸ الاونس حسب قاعدہ ملازمت سے خارج کیا جائے۔ رسالہ نمبر جنگ بقاعدہ ... ہو اور احکام ضابطہ صدر سے جاری ہو جائیں تا وقتیکہ

نہیں جا سکتے۔

(۲) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دوسرے آدمی کا جلد انتظام کریں۔

(۳) یاد ہوتا ہے کہ شریف حسین سینیٹری انسپکٹر بربنائے سفارش صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و نیز صاحب چیف میڈیکل افیسر مستقل کردیا گیا تھا۔ اور مجوزہ جگہ ہنوز استحقاق رکھا گیا تھا۔ مگر چند بار مدت بڑھادی گئی تھی۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اول ہر دو سینیٹری انسپکٹران کی نسبت صاحب چیف میڈیکل افیسر سے مفصل کیفیت طلب ہو۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و بتوسط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر صاحب چیف میڈیکل افیسر کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مورخہ ۲۳ رجون سنہ ۱۹۲۸ء بھی صاحب چیف میڈیکل افیسر کے پاس بھیجدی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۵ رجون سنہ ۱۹۲۸ء

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی عرضداشت ملاحظہ ہوئی۔

(۱) حسب استدعا محمود الحسن کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہو۔

(۲) سوہن لال کلرک کا اضافہ یاد ہوتا ہے کہ حال میں ہوچکا ہے نیز اس سے پہلے بھی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر نے لکھا تھا۔ جسپر ہمنے یہی حکم دیا تھا۔ فی الحال اضافہ نہیں دیا جاسکتا۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۷ رجون سنہ ۱۹۲۸ء

سکریٹری صاحبان بہادر کے بعض ماتحت افسران صیغہ کا حال میں یہ عمل دیکھا گیا کہ تار وغیرہ بلا توسط اپنے سکریٹری صاحب بہادر کے ہمارے پاس بمقام شملہ روانہ کئے۔ یہ طرز عمل ناپسندیدہ اور خلاف ضابطہ ہے۔

ہمارے آیندہ جملہ ملازمان کو ہدایت کیجائے کہ کوئی مراسلت خواہ بذریعہ تار ہو یا عرضی وغیرہ کے ذریعہ سے ہو بلا توسط ہمارے پاس نہ آنے پاوے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کرادیجائے۔ سکریٹری صاحبان بہادر اپنے اپنے صیغہ جات ماتحت میں اطلاع دیدیں۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۶ رجون سنہ ۱۹۲۸ء

ہم خود رپورٹیں صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی دربارہ رخصت سید ابو القاسم ہیڈ کانسٹبل شعبہ تھانہ ملک و سید ریاست علی سب انسپکٹر کیری ہمارے ملاحظہ سے گذریں۔ ہمارا منشا یہ نہیں ہے کہ کسیکو مذہبی کاروبار سے روکا جائے۔ بلکہ ہمنے یہ حکم دیا تھا کہ اگر سب ایکدم ہیڈ کانسٹبل اور سب انسپکٹر چھٹی پر چلے جائینگے تو کام کس طریقہ سے چلیگا۔ نیز ماہ محرم میں سرکاری کام زیادہ ہو جاتا ہے۔ بہتر ہوگا کہ فرداً فرداً رخصت پر جائیں۔

(۱) سید ریاست علی کی رخصت چار یوم کی منظور ہے۔

(۲) سید ابو القاسم کی اول رخصت نامنظور ہوچکی تھی۔ جب اُسنے دوبارہ عذرات پیش کئے تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت جنکو ہمنے ہائی آرڈر کرنے کی اختیارات عطا کئے ہیں اُنھوں نے وہ کاغذات جنپر نامنظوری ہوچکی تھی دیکھنے کو منگوائے۔ ہیڈ کانسٹبل مذکور۔ حکم ہونے سے پہلے روزنامچہ رپٹ درج کرکے بلا اجازت چلاگیا حالانکہ سکریٹری صاحب بہادر موصوف اُسکو رخصت شاید دیدیتے یا اُسکو چاہئے تھا کہ دفتر میں حاضر ہوکر اُنسے عرض کرتا۔ یہ طریقہ بالکل مہمل ہے۔ لہذا اُسکو یوم حاضری سے برخاست کیا جائے۔

جملہ اہالیان پولیس کو ہم متنبہ کرتے ہیں کہ آیندہ سے یہ طریقے بند کئے جائیں۔ ورنہ مناسب تدارک کیا جائیگا۔ اتوار کے یہ معنی نہیں ہیں کہ جسکا دل چاہا چلاگیا اور جسکا دل چاہا آگیا۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس انسپکٹران حلقہ انسپکٹران لائن کورٹ انسپکٹر و سب انسپکٹران انچارج اسکے پورے ذمہ دار ہیں کہ آیندہ سے ایسے مہمل حرکات سرزد نہوں ورنہ ہم اُنسے سخت بازپرس کرینگے۔ ایسی نازیبا حرکات بقیہ آدمیوں پر بھی برا اثر ڈالتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اور چونکہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر پولیس کا اسکشن ہمارے حکم سے کرتے ہیں اُنکے پاس بھی ایک نقل بھیجی جائے۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اس روبکار کی نقلیں تمام چوکیات و تھانہ جات و سررشتہ کورٹ اور پولیس لائن کو بھیجدیں۔ اور سید ابو القاسم کی جگہ کا انتظام کیجائے

رپورٹ اجلاس ہذا میں پیش کریں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط صاحب [illegible]

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳ مر جولائی ۱۹۲۰ء

مثبتہ عرضی منشی مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار سوار از شفاخانہ مراد آباد دربارہ عطاے رخصت مزید ۱۱ یوم از ۲ مر جولائی ۱۹۲۰ء بوجہ علالت پسر خود۔

حکم

بسلسلہ سابقہ رخصت ۱۱ یوم با نتقام سابقہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۴ مر جولائی ۱۹۲۰ء

بملاحظہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرس اول بہاڑی دروازہ کا غیر حاضری کا عادی ہونا پایا جاتا ہے۔ اس مرتبہ سید صدیق مدرس اول مدرسہ بہاڑی دروازہ پر ایک روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ اگر آیندہ مدرس کی غیر حاضری کی شکایت آئی تو برخاست کر دیا جائیگا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۴ مر جولائی ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے اشرف علی خان چہارم پاس کا تقرر مدرسہ کھوڈ پرگنہ حضور تحصیل میں امتحاناً براے چند ماہ دوسرے ۸ ماہوار تنخواہ پر منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۹ مر جون ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ افسر صاحب بگھی خانہ معہ صاحب کنٹرولر آف ہاوس ہولڈ دربارہ منظوری استعفا سبحان دفائی ولد مختار حسین بخش ، جبرائیل ولد رحیم بخش کہاران ملازم بگھی خانہ بوجہ کمی تنخواہ - اور آیندہ نہ ملنے ملازمت ریاست میں۔

حکم

نام خارج کیا جائے - احکام ممنوع روزگار ہونے کے حسب رپورٹ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ مر جون ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ جیوسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دس یوم صاحب سپرنٹنڈنٹ بگھی بوجہ علالت۔

حکم

تاریخ درخواست رخصت سابقہ سے دس یوم کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے۔ زمانہ رخصت منشی محمود الحسن انسپکٹر تعمیرات رعایا کام کرینگے - لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض اجرا احکام کاغذات صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ مر جون ۱۹۲۰ء

کشن سروپ محرر صدر دفتر بگھی دیرینہ ملازم ہے۔ کار متعلقہ نہایت محنت اور مستعدی سے انجام دیتا ہے۔ حسابی رجسٹران متعلقہ بگھی وقت جانچ اکاونٹ میونسپلٹی کوئی بد برآمد نہیں ہوئی۔ خدمات بگھی کے علاوہ ڈیوٹی کوٹھی ہذا کا کام بھی نہایت محنت و مستعدی سے انجام دیا ہے۔ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ نامبردہ قلیل ہے اسلئے بنظر پرورش ماتحت فوری نامبردہ کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہو۔ اس اضافہ کا عملدرآمد یکم جولائی ۱۹۲۰ء سے ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ روبکار ہذا بغرض اجرا احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخ غلہ اجناس ریاست رامپور ابتداء ۲۱ لغایت آخر جون ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۹۔۰۔۰			۸۔۰	
نخود خالص			۸			۸	
نخود کہ آمیز			۸۔۰			۸۔۰	
کسہ			۹			۹	
ماش			۰			۶	
مونگ			۰			۵۔۰	
مکا			۰			۱۵	
جئی			۱۸			۱۲	
گوجئی			۹			۱۰	
عدس			۹			۸	
ارہر			۹			۸	
برنج			۵			۵	
روغن زرد			۵ فی ٹنک			۰	
روغن سیاہ			۱۔۰			۱۔۰	۰
روغن کنجد			۱			۱	
نمک سانبھر			۱۲			۱	
نمک لاہوری			۶		۰	۱۲	
قند سیاہ			۲			۸	
باجرہ			۰			۔	

نقشہ نرخ غلہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ اول سن ابتداء ماہ جولائی ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹۔۰۔۰		۸۔۰۔۰			۸	[illegible]
نخود خالص	۷		۷			۸	
نخود کہ آمیز	۸		۷			۸۔۰	
کسہ	۸۔۰		۸۔۰			۹	
ماش	۷		۷			۶	
مونگ	۵		۵			۵۔۰	
مکا	۱۲		۰			۱۰	
جئی	۱۱۔۰		۱۱			۱۲	
گوجئی	۱۱	۔	۱۰			۱۰	
عدس	۸		۷			۸	
ارہر	۷۔۰		۷			۸	
برنج	۵		۵			۵	
روغن زرد	۵ چھٹانک		۵ چھٹانک			۰	
روغن سیاہ	۱۔۱		۱۔۰			۱۔۰	
روغن کنجد	۱۔۱		۱۔۱			۱	
نمک سانبھر	۱۲		۱۲			۱۲	
نمک لاہوری	۶	۴	۶			۸	
قند سیاہ	۸۔۰۔۰		۵			۸	
باجرہ	۷		۰			۸	

نقشہ بارش ہفتہ وار سن ابتداء ۲۹ جون لغایت ۵ جولائی ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۹ جون ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۱۷	۰	۲۲	-	۱۲	۰	۲	۰	۲	-	۹
۳۰ جون ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۳	۲۱	۱۸	۳۱	۱۴	۲۶	۲	۴	۴	۶	۵	۱۴
یکم جولائی ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	½	۲۲½	۱۲	۵۷	۱۱	۲۷	۰	۴	۰	۹	۰	۱۴
۲ جولائی ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۰	۲۲½	۰	۵۷	۰	۳۸	۰	۴	۰	۶	۰	۱۴
۳ جولائی ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۲½	۰	۵۷	۶	۴۳	۴	۸	۰	۶	۰	۱۴
۴ جولائی ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۱	۲۳½	۰	۵۷	۰	۴۳	۰	۸	۰	۶	۳	۱۷
۵ جولائی ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۳½	۲	۷۱	۳	۴۲	نقد نمبر	۰	۱۴	۲۰	۰	۱۸